تیسرا ون ڈے: ویسٹ انڈیز ویمنز اے نے پاکستان ویمنز اے کو 3 وکٹوں سے ہرا دیا

- سیریز دو ایک سے جیت لی، جینا باجوزف کی ناقابل شکست نصف سنچری

لاہور 29 اکتوبر، 2023ء:

ویسٹ انڈیز ویمنز اے نے پاکستان ویمنز اے کو تیسرے اور آخری ون ڈے میں 3 وکٹوں سے شکست دے دی۔ اسطرح اس نے تین میچوں کی سیریز دو ایک سے جیت لی۔

یاد رہے کہ پہلا ون ڈے پاکستان ویمنز اے نے 8 رنز سے جیتا تھا جبکہ دوسرے ون ڈے میں ویسٹ انڈیز ویمنز اے نے 3 وکٹوں سے کامیابی حاصل کی تھی۔

اتوار کے روز قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلے گئے تیسرے ون ڈے میں ویسٹ انڈیز ویمنز اے نے ٹاس جیت کر پاکستان ویمنز اے کو بیٹنگ دی جو 44.4 اوورز میں 162 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔

جواب میں مہمان ٹیم نے 44.5 اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر ہدف عبور کرلیا۔

پاکستان ویمنز اے کی اننگز میں شوال ذوالفقار اور ایمان فاطمہ نے پہلی وکٹ کی شراکت میں 49 رنز کا اضافہ کیا۔ شوال ذوالفقار نے چار چوکوں کی مدد سے 22 رنز اور ایمان فاطمہ نے چار چوکوں کی مدد سے 21 رنز اسکور کیے۔ تاہم اس کے بعد وکٹیں وقفے وقفے سے

گرتی رہیں۔ سدرہ نواز نے 37 گیندوں پر 27 رنز اسکور کیے۔ انوشے ناصر نے 56 گیندوں پر 23 رنز بنائے۔ حمنہ بلال 53 گیندوں پر 21 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہیں جس میں تین چوکے شامل تھے۔

ویسٹ انڈیز ویمنز اے کی طرف سے جازارا کلیکسٹن نے چھ اوورز میں صرف 19 رنز دے کر 4 وکٹیں حاصل کیں۔

ویسٹ انڈیز ویمنز اے کی اننگز میں شونیلے اور شابیکا نے پہلی وکٹ کی شراکت میں 53 رنز کا اضافہ کیا۔ شونیلے 37 اور شابیکا 24 رنز بنا کر آؤٹ ہوئیں۔

جینا باجوزف نے 84 گیندوں پر 7 چوکوں کی مدد سے 51 رنز ناٹ آؤٹ کی ذمہ دارانہ اننگز کھیل کر اپنی ٹیم کو جیت سے ہمکنار کردیا۔

پاکستان ویمنز اے کی طرف سے کپتان رامین شمیم نے عمدہ بولنگ کرتے ہوئے صرف 13 رنز دے کر 4 وکٹیں حاصل کیں۔

اب تین نومبر سے پاکستان ویمنز اے، ویسٹ انڈیز ویمنز اے اور تھائی لینڈ ایمرجنگ کے درمیان سہ فریقی ٹی ٹوئنٹی سیریز کھیلی جائے گی۔

مختصر اسکور:

پاکستان ویمنز اے 162 رنز (44.4 اوورز) سدرہ نواز 27، انوشے ناصر 23، شوال ذوالفقار 22، جازارا کلیکسٹن 19 / 4 وکٹ

ویسٹ انڈیز ویمنز اے 164 رنز 7 کھلاڑی آؤٹ (44.5 اوورز) جینا باجوزف 51 ناٹ آؤٹ، شونیلے 37، شابیکا 24،
رامین شمیم 13 / 4 وکٹ

-ENDS -

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777

E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial